# طواف کرتے ہوئے استلام چھوٹ جانا یا کعبہ کی طرف دیکھنا

**مجیب:** مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1915

**تاریخ اجراء:** 06ربیع الاول1446ھ/11ستمبر2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

دورانِ طواف اگر استلام بھول گئے تو کیا حکم ہے، نیز طواف کے کرتے ہوئے خانہ کعبہ کو دیکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دوران طواف حجر اسود کا استلام کرنا مسنون ہے، لہذا ہر گز ترک نہ کیا جائے، تاہم بھولے سے استلام نہ کیا، تب بھی طواف ہو جائے گا۔

نیز طواف کرتے ہوئے درست طریقہ یہ ہے کہ نگاہیں اپنے چلنے کی جگہ رکھی جائیں، لہذا کعبہ کی طرف چہرہ پھیر کر دیکھنے کے بجائے جس سمت چل رہے ہوں اسی سمت نظریں رکھیں، اس انداز میں طواف کرنے سے عاجزی، خشوع و خضوع اور رقت زیادہ حاصل ہو گی۔

لباب المناسک اور اس کی شرح مسلک المتقسط میں ہے: ”(سنن الطواف: استلام الحجر مطلقا) ای من غیر قید الأولیة والآخریة والأثنائیة وان کان بعضها آکد من بعض۔۔۔(واستقبال الحجر فی ابتدائه) ای بخلاف استقباله فی أثنائه فإنه مستحب، ملخصا“ ترجمہ: حجرِ اسود کا استلام مطلقاً طواف کی سنتوں میں سے ہے یعنی شروع، آخر اور درمیان کی قید کے بغیر، اگرچہ اس میں سے بعض کی تاکید بعض سے زیادہ ہے اور طواف کے شروع میں حجرِ اسود کی طرف منہ کرنا بھی سنت ہے یعنی اس کے برخلاف طواف کے درمیان (یعنی ہر چکر کے آخر) میں منہ کرنا مستحب ہے۔ (المسلک المتقسط علی لباب المناسک ملتقطاً، صفحہ 225-226، مطبوعہ: المکۃ المکرمۃ)

لباب المناسک اور اس کی شرح مسلک المتقسط میں ہے: ”(وسن الاستلام فی کل شوط وان استلمه فی اوله وآخره أجزأه)“ ترجمہ: استلام ہر چکر میں سنت ہے لیکن اگر کسی نے طواف کے شروع اور آخر میں استلام کیا (بیچ میں استلام نہیں کیا)، تو یہ بھی کافی ہے۔ (المسلک المتقسط علی لباب المناسک، صفحہ 187، مطبوعہ: المکۃ المکرمۃ)

مرقاۃ المفاتیح میں ہے: ”سن للطائف أن لا یجاوز بصرہ محل مشیہ، لانہ الادب الذی یحصل بہ اجتماع القلب“ ترجمہ: طواف کرنے والے کے لیے مسنون ہے کہ وہ اپنی نگاہ اپنے چلنے کی جگہ سے متجاوز نہ کرے، اس لیے کہ یہی مؤدبانہ طریقہ ہے جس سے دل کی اجتماعیت حاصل رہتی ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، جلد3، صفحہ69، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net